© rasailojaraid.com

تبصرے

حدائق الحنفیہ از مولوی فقیر محمد صاحب جہلمی، مرتبہ جناب خورشید احمد خان صاحب ایم۔ اے۔ تقطیع کلاں، ضخامت ۵۳۶ صفحات، کتابت و طباعت بہتر، قیمت مجلد۔ /50 -
پتہ: مکتبہ حسن سہیل لمیٹڈ۔ اردو بازار، لاہور۔

مولوی فقیر محمد صاحب جہلمی متوفی ۱۹۱۶ء پنجاب کے نامی گرامی عالم اور صاحب تصنیف و قلم بزرگ تھے۔ متعدد قابل قدر اور معرکۃ الآراء کتابیں ان کے قلم سے نکلیں اور ارباب علم و ادب میں مقبول ہوئیں، منجملہ اور کتابوں کے ایک اہم کتاب انھوں نے فقہائے احناف کے طبقات پر اردو میں لکھی تھی۔ اس کتاب میں موصوف نے امام ابوحنیفہ سے لے کر تیرھویں صدی ہجری تک کے نو سو چودہ (۹۱۴) فقہائے احناف کا تذکرہ صدی وار لکھا ہے، اردو میں اس موضوع پر ایک اور کتاب تذکرۂ علمائے احناف، مصنفہ مولوی محمد کلیم اللہ کا سراغ ملتا ہے جو جدید تحقیق کی روشنی میں زیر بحث کتاب کے بعد لکھی گئی ہے، لیکن یہ اب تک غیر مطبوعہ ہے، اس بنا پر مولوی فقیر محمد جہلمی کی کتاب کے متعلق یہ دعویٰ کیا جا سکتا ہے کہ علماؤ فقہائے احناف کے طبقات پر یہ کتاب اردو لٹریچر میں پہلی بھی ہے اور آخری بھی، جس زمانہ میں یہ کتاب لکھی گئی ہے اس زمانہ میں شیعہ اور سنی اہل حدیث اور احناف، آریہ اور مسلمانوں کے درمیان مناظروں کا عام رواج تھا، بلکہ نوبت مقدمات تک پہنچ گئی تھی، مولوی فقیر محمد کو بھی مناظرہ کا بڑا ذوق تھا، اس سلسلہ میں انھوں نے متعدد کتابیں لکھی تھیں، چنانچہ، جیسا کہ کتاب کے مقدمہ میں لکھا ہے۔ انھوں نے یہ کتاب بھی دراصل اہلحدیث کے رد کی غرض سے لکھی تھی، اور اسی وجہ سے کتاب میں نواب صدیق حسن خا

© rasailojaraid.com